## حق پرست نمائندے تمام تر دشواریوں اور رکاوٹوں کے باوجود عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں۔الطاف حسین

## حق پرست نمائندوں نے جس قدر بڑے پیمانے پر ترقیاتی کام کرائے اتنے گزشتہ 60 برسوں میں نہیں کرائے گئے

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں حق پرست صوبائی وزراءاور ارکان اسمبلی سے بات چیت

لندن۔۔۔15 جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست وزراءاور ارکان اسمبلی کوتلقین کی ہے کہ وہ تمام تر دشواریوں اور رکاوٹوں کے باوجود عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں اور صوبہ سندھ کی ترقی وخوشحالی کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں حق پرست نمائندوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی ۔وفد میں سینیٹر بابرغوری، حق پرست صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ عادل صدیقی ،صوبائی وزیرانفارمیشن ٹیکنالوجی رضاہارون اور رکن سندھ اسمبلی محترمہ زریں مجید شامل تھیں۔حق پرست نمائندوں نے جناب الطاف حسین کو اپنے اپنے شعبوں کی کارکردگی سے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ عادل صدیقی نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ ان کی وزارت سندھ کے شہروں ،قصبوں اور دیہات کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور سیوریج کے نظام کی بہتری کی مختلف اسکیموں پر کام کررہی ہے۔اس سلسلے میں بیشتر اسکیمیں زیر تکمیل ہیں۔صوبائی وزیرانفارمیشن ٹیکنالوجی رضاہارون نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ سندھ میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے انٹرنیٹ میڈیا سٹی، ای پولیس اور یوڈیولپمنٹ کے منصوبوں پر کام شروع کیا جارہا ہے، بیروزگار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی پر بھرپور توجہ دی جارہی ہے جبکہ نوجوانوں کو آئی ٹی کی تربیت دینے کیلئے مستقبل میں 300 آئی ٹی سینٹرز کے قیام کی تجویز بھی زیرغور ہے۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست وزراء کی جانب سے سندھ میں جاری ترقیاتی کاموں اور عوامی مسائل کے حل کیلئے کی جانے والی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ حق پرست نمائندوں کی کارکردگی ماضی میں بھی مثالی رہی ہے،حق پرست نمائندوں نے سابقہ دور حکومت میں بھی عوام کی جس طرح بلاامتیاز خدمت کی ہے اور جس قدر بڑے پیمانے پر ترقیاتی کام کرائے اتنے گزشتہ 60 برسوں میں نہیں کرائے گئے ۔انہوں نے حق پرست نمائندوں پر زور دیا کہ وہ تمام تر دشواریوں اور رکاوٹوں کے باوجود عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں اور صوبہ سندھ کی ترقی وخوشحالی کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔

## کراچی کے داخلی وخارجی راستوں پر مساجد میں جہادی عناصر قبضے کررہے ہیں،دعوت اسلامی

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری کی دعوت اسلامی کے مرکز فیضان مدینہ رضا میں ملاقات

کراچی۔۔۔15،مئی 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب احمد بخاری نے گزشتہ روز دعوت اسلامی کے مرکز فیضان مدینہ میں علامہ الیاس قادری کے نمائندوں حاجی عبدالقادر عطاری، محمد نیازی عطاری، محمد ندیم عطاری اور مولانا یعقوب قادری عطاری سے ملاقات کی اور ان سے صوبہ سندھ کے دارالخلافہ کراچی میں قیام امن، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور طالبانائزیشن کی صورتحال پر تبادلہ کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم علماء کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں علمائے کرام نے شعیب بخاری سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کراچی کے داخلی وخارجی راستوں پر مساجد میں جہادی عناصر قبضے کررہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ سرجانی ٹاؤن، گڈاپ ٹاؤن کے علاقوں میں طالبان کے حامی مذہبی منافرت کو ہوادے رہے ہیں۔انہوں نے صوبے اور شہر میں طالبانائزیشن کے خلاف اپنی بھرپور حمایت کی یقین دہانی کرائی۔

## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کے بیان سے قائد تحریک الطاف حسین کے بیان کردہ خدشات اور قومی سلامتی کو لاحق خطرات کی تصدیق ہوگئی ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## قائد تحریک الطاف حسین نے عوام کو ہمیشہ آنے والے خطرات اور حالات کے بارے میں حقائق سے آگاہ رکھا

## وقت کا تقاضہ ہے کہ سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر ملک کی سلامتی وبقاء کی فکر کی جائے

کراچی۔۔۔15، جولائی 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے گزشتہ روز قبائلی علاقوں کی سنگین صورتحال کے حوالے سے جن اہم خیالات کا اظہار کیا ہے ان سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ان خدشات اور قومی سلامتی کو لاحق خطرات کی تصدیق ہوگئی ہے جو وہ گزشتہ کئی روز سے اپنی تقاریر اور بیانات میں بیان کررہے ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے اپنی پوری جدوجہد کے

دوران کبھی بھی عوام کو سبز باغ نہیں دکھائے بلکہ انہیں ہمیشہ آنے والے خطرات اور حالات کے بارے میں حقائق سے آگاہ رکھا۔ حالیہ دنوں میں بھی وہ طالبانائزیشن کی بڑھتی ہوئی لہر، کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش اور طالبانائزیشن کی وجہ سے ملک کی سرحدوں پر منڈلانے والے خطرات سے مسلسل عوام کو آگاہ کررہے ہیں۔ قائدتحریک الطاف حسین کے بیان کردہ ان حقائق کو بعض عناصر نے مسترد کیا لیکن گزشتہ روز وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے خود یہ کہا ہے کہ قبائلی علاقوں میں چیچن، ازبک اور افغان طالبان ہیں جو مقامی لوگوں کے ساتھ ملکر دہشت گردی کی کارروائیاں کررہے ہیں اور ان طالبان کی کارروائیوں کی وجہ سے 9/11 جیسے واقعہ کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ وزیراعظم کا یہ بیان اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ملک کی سلامتی اور سرحدوں پر منڈلانے والے جن خطرات کی نشاندہی کی ہے وہ حقائق پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر ملک کی سلامتی وبقاء کی فکر کی جائے۔

## ناصر شیخ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔15، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 28 کے کارکن ناصر شیخ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین سے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## پی ٹی سی ایل انتظامیہ کی جانب سے یونی فائڈ پے اسکیلز لیبر قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، لیبر ڈویژن

کراچی۔۔۔15، مئی 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے انچارج وارا کین نے پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کی انتظامیہ کی جانب سے یونی فائڈ پے اسکیلز متعارف کرانے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس اقدام کو لیبر قوانین کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی سی ایل انتظامیہ کی جانب سے یونی فائڈ پے سسٹم پے اسکیل کے فارم پر ریگولر محنت کشوں سے دستخط کروا کر انہیں کنٹریکچول سسٹم کی طرف دھکیل رہی ہے جس سے محنت کشوں میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب پی ٹی سی ایل کی انتظامیہ یونی فائڈ پے اسکیلز متعارف کرا کر محنت کشوں کے ساتھ کھلی ناانصافی کررہی ہے جبکہ دوسری طرف محنت کشوں سے 16 گھنٹے کی جبراً ڈیوٹی لی جارہی ہے اور انہیں اوورٹائم بھی نہیں دیا جارہا ہے۔ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈینیشن کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پی ٹی سی ایل انتظامیہ کی جانب سے محنت کشوں کے ساتھ امتیازی طرزعمل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور محنت کشوں کے ساتھ ناانصافیوں کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15، مئی 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 28 کے کارکن ناصر شیخ، اقلیتی امور کمیٹی کے رکن ندیم مغل کے والد غلام احمد مغل، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کے کارکن سید عاصم رضا کے والد سید کلیم رضا، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے کارکن امیر الحسن کے والد ظہور الحسن اور ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 143-B کے کارکن جاوید اقبال کے والد حاجی عبدالکریم کھوکھر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکن ناصر شیخ ٹرین کے حادثے میں انتقال کر گئے

## نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست نمائندوں اور کارکنوں کی شرکت

کراچی۔۔۔15، جولائی 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 28 کے کارکن ناصر شیخ پیر کی شب ٹرین کے حادثے میں جاں بحق ہوگئے۔ (انا للہ وانا الیہ

راجعون) مرحوم ایم کیوایم کے سینئر کارکنان میں شمار کئے جاتے تھے۔ وہ پیر کی شب کینٹ اسٹیشن میں ٹرین کے حادثے کا شکار ہو گئے تھے اور انہیں شدید زخمی حالت میں مقامی اسپتال لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں کی کوششوں کے باوجود وہ جانبر نہ ہو سکے اور اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ مرحوم رنچھوڑ لائن کے علاقے رامسوامی میں رہائش رکھتے تھے اور شادی شدہ تھے۔ مرحوم کے پسماندگان میں بیوہ، ایک بیٹی اور دو بیٹے شامل ہیں۔ دریں اثناء مرحوم کو دھوبی گھاٹ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم، طاہر قریشی، صدر ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد دلاور، ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کمیٹی کے ارکان، مقامی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆